بسم اللہ الرحمن الرحیم

ایڈوب کلاس نمبر 01

السلام علیکم قارئین!!

Tool Bar

ایڈوب فوٹوشاب کے اوزار کو ٹول بار کہا جاتا ہے اس میں آپ کو ایڈوب فوٹوشاب میں کام
کرنے والے تمام اوزار میسر ہیں جن کی مدد سے آپ کسی چیز کو ادھر اُدھر کر سکتے ہیں، سلیکشن کر سکتے ہیں، رنگ ڈال سکتے ہیں، کوئی چیز مٹا
سکتے ہیں، کسی چیز میں بہتری لا سکتے ہیں وغیرہ وغیرہ۔

سلیکشن ٹول:

اس ٹول میں آپ کو چار اقسام کے سلیکشن ٹول میسر کیئے گئے ہیں جن کی مدد سے آپ سلیکشن کر سکتے ہیں، سب سے پہلے جو
نمایا طور پر ٹول دیا گیا ہے اُس کی مدد سے آپ ڈبے کی طرز کی سلیکشن کر سکتے ہیں اس ٹول کا نام Rectangular Marquee
Tool ہے، یہ ٹول اپنے نام کی مناسبت کی ہی سلیکشن بھی کرتا ہے Elliptical Marquee Tool اس ٹول کی مدد سے ہم گول
سلیکشن کر سکتے ہیں اس ٹول کو ہم کئی اقسام کیلئے استعمال کر سکتے ہیں ہر ٹول کو کئی قسم سے استعمال کیا جا سکتا ہے اب یہ استعمال کرنے
والے پر ہوتا ہے کہ وہ ٹول کو کس مقصد کیلئے استعمال کرنا چاہتا ہے Single Row Marquee Tool اس ٹول کی مدد سے آپ
سیدھی لائن کی ایک سلیکشن کر سکتے ہیں جس کو Row کہا جاتا ہے Single Colum Marquee Tool اس ٹول کی مدد سے
ہم کولم کی طرح کی سلیکشن کرتے ہیں۔

(V) Move Tool

اس ٹول کی مدد سے ہم تصاویر، آبجیکٹس کو ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جاتے ہیں جس کو ہم انگلش میں
Drag and Drop کہتے ہیں۔ یاد رہے Lock شدہ تصاویر وغیرہ کو آپ اس ٹول کی مدد سے ادھر اُدھر نہیں کر سکتے ہیں اُس کیلئے
آپ کو پہلے تصویر کو Unlock کرنا ہوتا ہے جس کا طریقہ کار آگے بتایا جائے گا۔

2nd Slection Tools

اس میں آپ کو تین اقسام کے ٹول دیئے گئے ہیں جن کی مدد سے آپ تصاویر پر سلیکشن کر سکتے ہیں
، یا پھر سلیکشن بنا کر ان کی کوئی چیز بنا سکتے ہیں، جس میں ویب بینرز وغیرہ شامل ہیں۔ Lasso Tool اس کی مدد سے ہم فری ہینڈ سلیکشن
کر سکتے ہیں جیسا کہ Paint Brush میں ہم پنسل کا استعمال کرتے ہیں ویسا ہی یہاں اس ٹول کا استعمال سلیکشن کیلئے کیا جاتا ہے۔
Polygonal lasso Tool اس ٹول کی مدد سے ہم پولی گونل کی طرح کی سلیکشن کر سکتے ہیں یعنی اس ٹول کی مدد سے جب سلیکشن

Polygonal lasso Tool اس ٹول کی مدد سے ہم پولی گونل کی طرح کی سلیکشن کر سکتے ہیں یعنی اس ٹول کی مدد سے جب سلیکشن کی جاتی ہے تو وہ ریاضی میں جومیٹری کی اشکال میں کی جاسکتی ہیں، اس ٹول کی مدد سے آپ چکور سلیکشن بھی کر سکتے ہیں، تین کونے والی سلیکشن بھی کر سکتے ہیں، صرف اس سلیکشن سے آپ گول سلیکشن نہیں بنا سکتے ہیں۔ Magnetic Lasso Tool اس ٹول کی مدد سے ہم تصاویر پر اچھی سلیکشن کر سکتے ہیں یعنی اگر ایک تصویر میں سے کچھ حصہ کاٹنا ہو تو اس ٹول کی مدد سے ہم اُس کی کٹائی بہت ہی اچھی طرح سے کر سکتے ہیں کیونکہ اس کو صرف کاٹنے والی تصویر کے Pixels پر کلک کرنا ہوتا اور فری ہینڈ ماؤس چلائیں یہ آگے پیچھے نہیں ہوگا یعنی جس رنگ پر کلک کر دیا اب اُسی کو سلیکٹ کرے گا۔

(w) Magic Wand Tool

اس ٹول کی مدد سے ہم سلیکشن کرتے ہیں اس کی سلیکشن بالکل ایسی ہوتی ہے جیسا کہ آپ نے بچوں کے پروگراموں میں دیکھا ہوگا کہ ایک پری کے پاس چھڑی ہوتی ہے وہ جہاں اُس کو اشارہ دیتی ہے وہاں ستارے ہی ستارے ہو جاتے ہیں بالکل ایسا ہی اس ٹول کی مدد سے ہم تصویر پر ایک کلک کرتے ہیں تو تصویر میں سلیکشن ہو جاتی ہیں، اور پھر ہم اس کے ساتھ ایک کمانڈ کا استعمال کرتے ہیں جسے Invers کہا جاتا ہے یعنی اُلٹ Ctrl + Shift + I جب ہم اس ٹول سے تصویر پر کلک کرتے ہیں تو تمام تصویر چاروں حصوں سے سلیکٹ ہو جاتی ہیں لیکن اندر جو تصویر ہوتی ہے وہ سلیکٹ نہیں ہوتی جب ہم Invers کی کمانڈ کو استعمال کرتے ہیں تو پہلی سلیکشن ختم ہو جاتی ہے اور جس چیز کی سلیکشن نہیں ہوئی ہوتی وہ چیز سلیکٹ ہو جاتی ہے۔

(c) Crop Tool

اس ٹول کی مدد سے ہم فائل کو کاٹتے ہیں اگر ہمارا کام نصف صفحہ کا ہے تو مکمل صفحہ ہمارے کام کا نہیں ہوتا تو ہم صرف اُتنا حصہ اپنے پاس محفوظ کرتے ہیں جس میں لکھا ہوتا ہے، تو اُس مکمل صفحہ کو کاٹنے کیلیے ہم اس ٹول کا استعمال کرتے ہیں صفحہ کے اُوپر سے کلک کرتے ہیں اور جہاں تک ہم نے لکھا ہے اُس آخری لائن تک لے جاتے ہیں اور پھر Enter دبا دیتے ہیں۔

Adobe Online
Rectangular Marquee Tool
Magnatic Lasso Tool
Magic Wand Tool
Crop Tool
Slice Tool
Spot Healing Brush Tool
Brush Tool
Clone Stamp Tool
Histroy Brush Tool
Eraser Tool
Paint Bucket
Blur Tool
Dodge Tool
Path Slection Tool
Type Tool
Pen Tool
Custom Shape Tool
Notes Tool
EyeDropper Tool
Hand Tool
Zoon Tool
Set Foreground Color
Set Background Color
Edit in Standard Mode
Edit in Quick Mask Mode
Standrad Screen Mode
Full Screen Mode
Edit in ImageReady

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ایڈوب کلاس نمبر۲

السلام علیکم قارئین!!

(k) Slice Tool

اس ٹول کی مدد سے ہم تصاویر کو حصوں میں کاٹتے ہیں اس ٹول کا کام زیادہ تر ویب ڈیزائنگ میں ہوتا ہے کیونکہ انٹرنیٹ پر جو تصاویر کٹ کٹ پر حصوں میں آپ کے سامنے آتی ہیں وہ اسی ٹول کی مدد سے ہوتا ہے۔

(j) Healing Tools

اس میں آپ کو پُرانے ورژن میں تین جبکہ نئے جسے Cs2 کہا جاتا ہے چار ٹولز فراہم کیئے گئے ہیں اِن تمام ٹولز کی مدد سے آپ چہرے کے داغ دور کر سکتے ہیں، پس سب کا طریقہ کار الگ ہے انشااللہ جب پریکٹیکل کام شروع ہوگا تو اس بارے میں آپ کو مکمل تفصیل کے ساتھ بتایا جائے گا۔

(s) Clone Stamp Tool

اس ٹول کی مدد سے داغ دھبے دور کیئے جاتے ہیں ساتھ میں اس ٹول کی مدد سے آپ ہر چیز کو کچھ اس طرح سے مٹا سکتے ہیں کہ اُس کا بیک گراونڈ نہیں مٹتا لیکن لکھائی وغیرہ مٹ جاتی ہے جیسا کہ ربر کی مدد سے ہم کاپی کے صفحہ سے لکھائی تو مٹا دیتے ہیں لیکن صفحہ نہیں خراب ہوتا ویسا کام یہ ٹول سرانجام دیتا ہے۔

(s) Pattern Stamp Tool

اس ٹول کی مدد سے ہم ایک پیٹرن بناتے ہیں، ایڈوب میں بنے بنائے ہوئے پیٹرن بھی موجود ہیں لیکن ہم اپنا پیٹرن بھی بنا سکتے ہیں مثال کے طور پر جیسا کہ Fedral Board کی سند کی بیک پر Fedral Board لکھا ہوا ہوتا ہے چھوٹا چھوٹا جو کہ مکمل صفحہ پر موجود ہوتا ہے بلکل وہی چیز آپ itdunya.com کیلیئے یہاں بنا سکتے ہیں،

(b) Brush Tool

اس میں تین قسم کے ٹول فراہم کیئے گئے ہیں، سب سے پہلا Brush Tool ہے اس کی مدد سے آپ تصاویر، وال پیپرز پر خوبصورت قسم کے ڈیزائن دے سکتے ہیں اس کی تازہ ترین مثال عدنان یارم کا تھریڈ ہے جس میں پتیاں ڈالنے کے بارے میں بتایا گیا ہے Pencil Tool یہ فری ہینڈ ٹول ہے اس سے ہم کچھ لکھ بھی سکتے ہیں، کچھ بنا بھی سکتے ہیں یہ ٹول زیادہ تر آرٹ ورک کے طور پر کام کیا جاتا ہے ڈرائنگ بناتے ہوئے اس ٹول کے استعمال کیلیئے ماؤس کنٹرول بہت اہمیت کا حامل ہے۔ Color

آپ کلک کرتے ہیں، یعنی آپ نے ایک صفحہ پر نیلا رنگ ڈالا ہے اب آپ اُس کا نمبر بھول گئے ہیں کہ کیا مقدار تھی تو آپ اس ٹول کو منتخب کرلیں اور اُس رنگ پر کلک کردیں Foreground Color Tool میں خود بخود وہی رنگ آجائے گا جو تصویر پر ہوگا۔

(y) History Brush Tool

اس میں آپ کو دو قسم کے ٹول فراہم کیئے گئے ہیں، پہلا ٹول History Brush کا ٹول ہے جس کی مدد سے آپ بہت ہی خوبصورت کام کرسکتے ہیں، آپ نے کئی تصاویر دیکھی ہوں گی کہ بچہ کی تصویر صفحہ پھاڑ کر صرف چہرہ نظر آرہا ہوتا ہے تو وہ کام آپ اس ٹوک کی مدد سے کرتے ہیں دوسرے معنوں میں آپ اس ٹول کی مدد سے کئی اقسام کے ڈیزائن فریم بنا سکتے ہیں اور اپنی تصاویر میں لگا سکتے ہیں اس میں آپ کو کئی برش دیئے گئے ہیں Art History Brush Tool اس ٹول کے نام سے ہی اس کا کام بھی معلوم ہوجاتا ہے جیسا کہ اخبارات میں کسی کا چہرہ چھپانا ہوتا ہت تو اُس کے چہرہ پر ایک خاص قسم کا ایفکٹ آرہا ہوتا ہے جس سے چہرہ پہچاننا مشکل ہوجاتا ہے یہی کام ہم اس ٹول کی مدد سے کرتے ہیں۔

(E) Eraser Tool

اس میں آپ کو تین اقسام کے ٹول فراہم کیئے گئے ہیں پہلا ٹول Eraser Tool ہے جس کا کام ربر جیسا ہے ہم تصاویر کو مٹا سکتے ہیں اس ٹول کی مدد سے ایک نارمل ربر کا کام کرتا ہے یہ ٹول Background Eraser Tool اس ٹول سے دو کام کرسکتے ہیں ایک تو اگر ایک لیئر جو کہ ایڈوب فائل پر بنی ہوگی اُس کو مٹا دے گا ساتھ میں بیک گراؤنڈ Transparent کردیتا ہے، دوسرا کام اس کا یہ ہوتا ہے کہ آپ ایک فائل بنائیں اُس پر کوئی تصویر رکھ دیں اور اس ٹول کی مدد سے کلک کردیں تصویر بیک گراؤنڈ والے رنگ میں اور بیک گراؤنڈ والی لیئر میں مسخ ہوجائے گی Magic Eraser Tool اس کی مدد سے ہم تصاویر کو مٹا سکتے ہیں لیکن صرف ایک کلک کرنے سے تمام فائل مٹ جاتی ہے اگر آپ نے فائل کو ہلکا کرنا ہو تو آپ Opacity کو کم کرکے کلک کریں گے تو یہ فائل کو مٹائے گا نہیں بلکہ ہلکا کردے گا، یعنی اُس کے رنگوں کو ہلکا کردیتا ہے۔

(G) Gradint Tool

اس میں دو ٹول فراہم کیئے گئے ہیں پہلے ٹول کی مدد سے ہم ایک ساتھ کئی رنگوں کو ملاپ کرسکتے ہیں اور تصاویر کو ایک کلک پر کئی رنگ دے سکتے ہیں یعنی بیک گراؤنڈ بنانے کا کام کرسکتے ہیں مختصراً اتنا کہ اس ٹول کی مدد سے ہم ایک ساتھ کئی رنگوں کا ملاپ بناتے ہیں Paint Bucket Tool اس ٹول کی مدد سے ہم صرف ایک ہی رنگ دے سکتے ہیں۔

دی ماسکے

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ایڈوب کلاس نمبر۳

السلام علیکم قارئین!!

(R) Blur Tool

اس ٹول میں آپ کو تین اقسام کے بلر ٹول فراہم کیئے گئے ہیں Blur Tool
کی مدد سے آپ تصاویر کو مدغم، نرم کر سکتے ہیں، تصاویر کے کونوں کو درست کر سکتے ہیں کئی تصاویر ہوتی ہیں جن کے، دندرے "کونے" بنے ہوتے ہیں مکمل تصویر کے بارڈرز پر جب ہم اس ٹول کی مدد سے اُن پر کلک کرنا شروع کرتے ہیں تو وہ نرم "سافٹ" ہو جاتے ہیں۔
Sharpen Tool اس ٹول کی مدد سے ہم بارڈرز کو خوبصورت بناتے ہیں اُن میں نکھار پیدا کیا جاتا ہے Smudge Tool اس ٹول کی مدد سے ہم تصاویر کے کناروں کو وہی رنگ دے سکتے ہیں جو کہ باقی تصویر پر ہوتا ہے لیکن یاد رہے یہ بالکل ویسا نہیں ہوگا کیونکہ یہ کناروں کو نقلی رنگ کرتا ہے یعنی جس رنگ پر کلک کر کے آپ باقی جگہ پر کلک کریں اُسی کو اُٹھا کر وہاں میں جائے گا لیکن اصل نہیں ہوگا یہ ٹول زیادہ تر کنارے درست کرنے کیلئے استعمال کیا جاتا ہے

(o) Dodge Tool

اس میں آپ کو کُل تین ٹول فراہم کیئے گئے ہیں ان ٹولز کا استعمال زیادہ تر فوٹو گرافر حضرات کو پیش آتا ہے پہلا ٹول جس کا نام لکھ دیا گیا ہے اِس کی مدد سے ہم تصویر کو Lighting دیتے ہیں تصویر نکھر جاتی ہیں، یہ ٹول اکیلا کام نہیں کرتا ہے اس کے ساتھ برش بھی کام کرتے ہیں اب آپ برش کی اور اس ٹول کی سیٹنگ کر کے اسی ٹول سے ہلکہ سا ایفکٹ بھی ڈال سکتے ہیں۔
Burn Tool اس ٹول کا کام Dodge Tool کے برعکس ہوتا ہے یہ تصاویر کو Drak کرتا ہے دوسرے لفظوں میں تصویر کو تاریک کر دیتا ہے۔ Sponge Tool اس ٹوک کی مدد سے ہم تصویر کے حصوں کے رنگوں کو ہلکا کا جذت کر سکتے ہیں بھورے Gray رنگ میں اگر ہم اس کی آپشن میں تبدیلی لائیں تو تم اس کو مزید Middle Gray میں بھی کر سکتے ہیں۔

(T) Text Tool

اس ٹول کی مدد سے آپ لکھائی کر سکتے ہیں، اس میں آپ کو چار آپشن میسر کی گئی ہیں دو Vertical اور دو Horizontal ہیں جن میں سے ایک Vertical, HoriZontal کا گروپ بنا ہوا ہے یہ عام لکھائی لکھتے ہیں، جبکہ V.H Mask Tools کی مدد سے ہم لکھتے ہیں تو ایک سلیکشن سی بن جاتی ہیں اب اگر ہم Del دباتے ہیں تو تصویر میں اُتنا حصہ کٹ جاتا ہے جہاں سلیکشن ہوتی ہے اور نام لکھا آجاتا ہے، یا پھر آپ سلیکشن میں رنگ بھر دیں تو بھی نام لکھا آجائے گا لیکن دونوں میں فرق ہے۔

(p) Pen Tool

اس ٹول میں پانچ آپشن فراہم کی گئی ہیں، پہلی آپشن کی مدد سے ہم Nodes میں سلیکشن کرتے ہیں اگر آپ کو ایک پیچیدہ سلیکشن کرنی ہے اور آپ چاہتے ہیں کہ کٹائی اچھی ہو تو اس ٹول سے بہترین کوئی ٹول نہیں ہے، دوسرا ٹول Freeform pen Tool ہے اس کی مدد سے بھی ہم سلیکشن کرتے ہیں لیکن یہ فری ہینڈ سلیکشن ہوتی ہے۔ Add Anchor Point جیسا کہ کورل ڈرا میں Nodes ہوتے ہیں اُنہی کا نام یہاں Anchor رکھ دیا گیا چھوٹے چھوٹے نقطے ہوتے ہیں جو ہم اپنی سلیکشن کو بہترین بنانے کیلئے خود اس میں جمع کرتے ہیں Delete Anchor اس کی مدد سے ہم ان نقطوں کو ڈیلیٹ کرسکتے ہیں Convert Point Tool یہ ٹول تمام Anchors کو Points میں تبدیل کردیتا ہے۔

(u) Shape Tools

اِن کے بارے میں بتانا ضروری نہیں کیونکہ یہ تو شکلیں ہیں جو ہر عام انسان کو معلوم ہیں اس میں ریاضی والی تمام تصاویر دی گئی ہیں اور اس کی آپشن بار میں آپ کو مزید اقسام کی تصاویر بھی فراہم ہیں آپ اس میں اور بھی تصاویر ڈال سکتے ہیں انشااللہ جب اِن کا پریکٹیکل کام ہوگا تو آپ کو تمام معلومات فراہم کی جائیں گی۔

(N) Notes Tool

اس میں ہمیں دو ٹول فراہم کئے گئے ہیں پہلا نوٹس ٹول ہے یہ ٹول زیادہ تر اُس وقت استعمال کیا جاتا جب پروفیشنل طور پر کام کیا جاتا ہے، یا جہاں مکمل ہسٹری رکھی جاتی ہے، National Geographic کے نیٹ ورک میں اس ٹول کو بہت اہمیت حاصل ہے کیونکہ کبھی کوئی یوزر کوئی ڈاکومنٹ بناتا ہے اور پھر اُس کی وہاں سے ٹرانسفر ہوجاتی ہے تو نئے آنے والے بندے کو اسی ٹوک کی مدد سے علم ہوجاتا ہے کہ یہ کام کس کا ہے کیونکہ اس ٹول کی مدد سے وہ تصویر پر ایک چھوٹا سا ٓئیکان چھوڑ جاتا ہے جس میں اُس کے بارے میں تمام معلومات اور تصویر کی تمام معلومات موجود ہوتی ہیں یہ ٹول صرف PSD Format میں ہی کام کرتا ہے۔ Audio Tool اس کیلئے آپ کو ایک عدد مائیک لازمی ضرورت ہوتا ہے جو کام نوٹس ٹول میں ہم لکھ کر کرتے ہیں وہی ہم اس ٹول کی مدد سے اپنی آواز میں محفوظ کردیتے ہیں یہ ٹول بھی صرف PSD Format میں کام کرتا ہے۔

☆نوٹ☆

میں ٹولز کو اس وجہ سے تفصیل میں بتارہا ہوں کیونکہ ہر سافٹ ویئرز کے ٹولز بہت اہمیت کے حامل ہوتے ہیں اگر آپ کو ٹولز کا استعمال کرنا آجاتا ہے تو آپ سافٹ ویئرز کو باآسانی سیکھ جائیں گے لہذا ٹولز والی تمام کلاسوں کو باخوبی دیکھیں اگلی کلاس میں ٹولز کا کام ختم ہوجائے گا پھر انشااللہ Plates پر کام کیا جائے گا

مدیماسکے

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ایڈوب کلاس نمبر ۴

السلام علیکم قارئین!!

(i) Eyedropper Tool

اس ٹول کی مدد سے آپ رنگ کا انتخاب کرتے ہیں اُس
رنگ کا انتخاب جہاں آپ اس ٹول کی مدد سے کلک کریں گے آپ کے Foreground Color میں وہی رنگ آجائے گا، یہ ٹول زیادہ تر اُس جگہ پر کام آتا ہے جہاں آپ نے دو تصاویر کو ایک ہی جیسا رنگ دینا ہو یا ایک تصویر کو درست کرتے ہوئے اُس کے رنگوں کو بھی ساتھ میں درست کرنا ہو۔ Color Sampler Tool ایک بہت ہی اچھا ٹول ہے، اس مدد سے ہم رنگوں کی مقدار کی پیمائش کرتے ہیں، جس رنگ کی مقدار معلوم کرنی ہوتی ہے اُس پر کلک کرتے ہیں تو Info Palette میں اُس کی مقدار ظاہر ہو رہی ہوتی ہے۔
Measure Tool یہ ٹول اپنے نام سے ہی اپنا کام بھی بتا رہا ہے اس ٹوک کی مدد سے ہم تصاویر، فائل وغیرہ کی پیمائش کرتے ہیں۔

(H) Hand Tool

اس ٹول کی مدد سے ہم تصویر کو مختلف طرف سے با آسانی دیکھ سکتے ہیں یہ ٹول اُس وقت قابل کارآمد ہوتا ہے جب آپ ایسی تصویر یا فائل کھولتے ہیں جس کی وجہ سے فائل میں Scroll Bar آجاتی ہو، یہ وہ بار ہوتی ہے جس کی مدد سے آپ تصویر کو اُوپر نیچے تمام جگہ سے دیکھ سکتے ہیں اس کو Drag & Drop کرنے سے آپ تصویر کو دیکھ سکتے ہیں اب ہینڈ ٹول کا کام یہ ہوتا ہے کہ وہ آپ کو Scroll Bar پر جائے بنا خود سے تصویر کو Drag & Drop کی آپشن دیتا ہے، ساتھ میں اسی ٹول کی مدد سے آپ تصویر کو Actual Pixles، Fint on ScreenPrint size, میں بھی دیکھ سکتے ہیں۔

(Z) Zoom Tool

اس کی مدد سے ہم تصویر، فائل وغیرہ کو Zoon in یعنی بڑا کر کے دیکھ سکتے ہیں، اور ساتھ میں Zoom out یعنی چھوٹا کر کے بھی دیکھ سکتے ہیں۔

Layers

ایڈوب فوٹو شاپ میں اگر آپ کو Layers پر کام کرنا آجاتا ہے تو آپ کیلئے سب کام بہت ہی آسان ہو جاتے ہیں، جیسا کہ کاپی کے صفحے ہوتے ہیں جن پر ہم لکھتے ہیں ویسے ہی ایڈوب میں لیئرز ہوتی ہیں جو کہ ہمیں صفحوں کا کام دیتی ہیں، جیسا کہ کاپی کے کئی صفحے ہوتے ہیں ایسا ہی آپ ایک فائل کی کئی لیئرز بھی بنا سکتے ہیں۔ لیئرز میں نئے بندے کو ایک ہی مسئلہ درپیش آتا ہے کہ جب وہ پہلی لیئر پر کام کر رہا ہوتا ہے تو سب ٹھیک جا رہا ہوتا ہے جب دوسری بناتا ہے تو پہلا کام غائب ہو جاتا ہے، یہ اُس وقت ممکن ہوتا ہے جب ایک

سائز کی دو تصاویر وغیرہ کھولتے ہیں، لیکن یاد رہے کہ کام ڈیلیٹ نہیں ہوتا ہے غائب ضرور ہو جاتا ہے، اس کی آسان مثال عام روزمرہ میں استعمال ہونی ولای کاپی ہے کہ جب آپ پہلے صفحہ پر کام کر لیتے ہیں تو پھر آپ اگلا صفحہ نکالتے ہیں تو پہلا صفحہ چُھپ تو جاتا ہے لیکن ختم نہیں ہوتا کیونکہ ہم نے صفحہ اُلٹا دیا ہوتا ہے ایسا ہی کام لیئرز کے ساتھ بھی ہوتا ہے، اب پہلا صفحہ دیکھنے کیلئے آپ کو کاپی کا صفحہ اُلٹانا پڑتا ہے ایسا ہی ایڈوب میں ایک Layer Palette ہوتی ہے جس کے بارے میں آگے تمام معلومات فراہم کی جائیں گے، اب یہ جو Layer Palette ہوتی ہے یہ آپ کی کاپی ہوتی ہے اس میں آپ نے اگر دو لیئرز بنائی ہیں تو سمجھ لیں کہ آپ نے دو صفحہ بنائے ہیں اور وہ دونوں صفحے آپ کو اس میں نظر آرہے ہوتے ہیں اب جب آپ پہلے لیئر پر کلک کریں گے تو آپ کو پہلا صفحہ نظر آئے گا ایسا ہی جب آپ دوسری لیئر پر کلک کریں گے تو آپ کو دوسرا صفحہ نظر آئے گا۔

Layers Palette

اس میں آپ کو لیئرز کے بارے میں معلومات دی گئی ہیں، یعنی آپ جو بھی کام کر رہے ہوتے ہیں وہ تمام کام لیئرز پر ہوتا ہے اور اُن لیئرز کا گھر یہ Layer Palette ہوتی ہے جہاں اُن کی تمام آپشنز موجود ہوتی ہیں۔ لیئرز پلیٹ میں آپ کو کئی آپشن فراہم کی گئی ہیں، ایک ایک کرکے تمام کے بارے میں معلومات فراہم کی جارہی ہیں۔

Normal

Layer Palette میں پہلی آپشن ہے اس میں آپ کو سب سے اوپر ڈیفالٹ طور پر Normal کی آپشن نظر آرہی ہوتی ہے (ڈیفالٹ اُس کو کہا جاتا ہے جو کہ پروگرام بناتے وقت اُس کی سیٹنگ کی جاتی ہے، دوسرے معنوں میں اس کو ہم پروگرام کی اپنی کی گئی سیٹنگ کہہ سکتے ہیں) Normal کی Drag & Drop کی List میں آپ کو ۲۲ آپشن دی گئی ہیں دراصل یہ ایفلکٹ ہوتے ہیں جو کہ آپ کی تصویر کے رنگوں کو تبدیل کرتے ہیں Normal میں آپ کی تصویر ویسی ہی رہتی ہے جیسی کہ آپ نے کمپیوٹر میں لائی ہوتی ہے وہی رنگ، سب کچھ وہی رہتا ہے لیکن اگر آپ کوئی اور ایفلکٹ استعمال کریں گے تو آپ کی تصویر کا رنگ تبدیل ہو جائے گا، یہ آپشن آپ کو اسی لیئے فراہم کی گئی ہے کہ آپ اپنی فائل، تصویر وغیرہ کو ہلکا رنگ، تیز رنگ، اور دیگر رنگوں میں لاسکیں۔

Opacity

ایڈوب میں کافی استعمال ہونے والی آپشن ہے اس کی مدد سے آپ تصویر کو ہلکا کر سکتے ہیں اس کی مثال وہ بیک گراؤنڈ ہوتے ہیں جو کہ تحریر کے پیچھے لگے ہوتے ہیں اس میں آپ کو 1% سے 100% تک کی مقدار فراہم کی گئی ہے، اس کا استعمال اور بھی مقام پر کیا جاتا ہے، اگلی کلاسوں میں اس کا استعمال ضرور آئے گا وہاں آپ مزید بہتر طور پر سمجھ سکیں گے۔

Lock Transparent Pixels

جیسا کہ آپ کو ایڈوب فوٹوشاپ کے تعارف میں بتایا گیا تھا کہ ایڈوب میں BitMap گرافکس تصاویر پر کام کیا جاتا ہے اب یہ تصاویر Pixels کی مدد سے بنی ہوتی ہے Pixels وہ چھوٹے چھوٹے زرے ہوتی ہیں جن کو جوڑ پر ایک تصویر بنتی ہے جو کہ ہمیں اُس وقت نظر آتے ہیں جن ہم تصاویر کو بہت زیادہ زوم اِن کر کے دیکھتے ہیں، اب کئی مرتبہ زوم اِن کر کے کام کرنا پڑتا ہے لیکن زیادہ زوم اِن کیا جائے تو تصویر کے Pixels ٹوٹنا شروع ہو جاتے ہیں اب آپ زوم اِن بھی کریں اور تصویر کے Pixles بھی نہ ٹوٹیں تو آپ Layer Palette میں اس آپشن پر کلک کریں آپ کی تصویر کے Pixels بند ہو جائیں گے اور زوم اِن کرنے سے اُن کے Pixels نہیں ٹوٹیں گے۔

Lock Image Pixels

وہی کام جو کہ اس سے پہلی والی آپشن میں بتایا گیا ہے اُس آپشن کی مدد سے ہم Transparent Files کے Pixesl کو بند کرتے ہیں اور اس کی مدد سے ہم عام تصاویر کے Pixels کو بند کرتے ہیں

Lock Position

اس کی مدد سے ہم تصویر، فائل کو اُسی جگہ پر رُک لیتے ہیں جہاں ہم نے اُسے روکنا ہو، یعنی آپ نے دو لیئرز بنائی ہیں دونوں میں کچھ لکھ دیا ہے، اب آپ چاہتے ہیں کہ دونوں اپنی جگہ سے نہیں ہلیں، تو آپ اس آپشن پر کلک کریں وہ اپنی جگہ پر ساکن ہو جائیں گی۔

Lock All

اس کی مدد سے آپ Layers Palette کی تمام Options کو اُس لیئر کیلئے بند کر دیتے ہیں جس پر آپ نے Lock All کی آپشن استعمال کی ہوتی ہے۔

Fill

جیسا کہ ہم Opacity Option کی مدد سے تصویر کو ہلکا کرتے ہیں وہی کام ہم اس آپشن کی مدد سے بھی کر سکتے ہیں لیکن اس آپشن سے دیگر کئی کام کیئے جاسکتے ہیں وہ انشا اللہ اگلی کلاسوں میں بتائے جائیں گے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ایڈوب کلاس نمبر ۵

السلام علیکم قارئین!!

Creat a New Layer

ایڈوب فوٹو شاپ میں تمام کام لیئرز پر کیا جاتا ہے ایک نئی لیئر بنانے کیلئے آپ ''لیئر پلیٹ'' پر ایک بٹن ہے Creat a new Layer اُس پر کلک کردیں آپ کی ایک نئی لیئر بن جاتی ہے۔

Delete a Layer

کسی بھی لیئر کو ڈیلیٹ کرنا ہو تو آپ لیئر پلیٹ کے بٹن جو کہ Create Layer کے ساتھ آخر میں ہوتا ہے اُس پر کلک کردیں تو مطلوبہ لیئر ڈیلیٹ ہوجاتی ہے یاد رہی جس لیئر کو ڈیلیٹ کرنا ہوگا اُس کو پہلے سلیکٹ کرلیں۔

Belending Options

اس آپشن کی مدد سے آپ لکھائی، تصاویر وغیرہ پر ایفکٹ ڈال سکتے ہیں، رنگ دے سکتے ہیں اس آپشن کا بٹن بھی اسی پلیٹ میں پہلے نمبر پر موجود ہوتا ہے۔

پہلا پریکٹیل کام:

آج کا کام لیئر بنانا، لکھائی لکھنا، بلینڈنگ آپشن سے ایفکٹ ڈالنا، اور محفوظ کرنا ہے۔

☆ سب سے پہلے آپ Menu Bar میں File Menu پر جائیں اور New پر کلک کردیں۔

☆ اب آپ کے سامنے ایک باکس کھل جائے گا اُس میں آپ 500 x 500 Pixels مقدار رکھیں اور ok کردیں۔

☆ اب آپ Text Tool کی مدد سے اپنا نام یا کچھ بھی لکھ لیں جیسا کہ میں نے AshiyanDK لکھا ہے۔

AshiyanaDK

☆ اب آپ لیئر پلیٹ پر آجائیں اور بلینڈنگ آپشن کی بٹن پر کلک کر دیں اور Blending Options پر کلک کر دیں۔

☆ اب آپ Gradient Overlay پر کلک کر دیں اور اپنی مرضی کا رنگ پسند کر لیں جیسا کہ میں نے گلابی رنگ کو سلیکٹ کیا ہے۔

☆ اب آپ Bevel and Embos پر کلک کر دیں اور نیچے دی گئی تصویر کی مطابق سیٹنگ کر دیں

☆ اب آپ Texture پر کلک کر دیں اور Ok کر دیں۔

Styles
Blending Options: Default
Drop Shadow
Inner Shadow
Outer Glow
Inner Glow
Bevel and Emboss
Contour
Texture
Satin

Texture
Elements
Pattern: Snap to Origin
Scale: 100 %
Depth: +100 %
Invert Link with Layer

OK
Cancel
New Style...
Preview

AshiyanaDK

لیں جی آج آپ کو ایک مثال کے تحت بلینڈنگ آپشن کے کچھ حصے سیکھائے گئے ہیں مزید انشااللہ اگلی کلاسوں مین سیکھائے جائیں گے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ایڈوب کلاس نمبر۶

السلام علیکم قارئین!!

Menu Bar

ہر سافٹ ویئر کی اپنی مینو بار ہوتی ہے جس میں اُس سافٹ ویئرز میں استعمال ہونے والی آپشنز موجود ہوتی ہیں، ایسا ہی ایڈوب فوٹو شاپ میں بھی مینو بار دی گئی ہے جس میں آپ کو 9 لسٹیں فراہم کی گئی ہیں ہر لسٹ جس کو ہم Drag & Drop List کہتے ہیں اس میں اُس لسٹ کے نام سے متعلقہ آپشنز موجود ہوتی ہیں آج آپ احباب کی خدمت میں پہلی آپشن لسٹ File Menu کی آپشنز کے بارے میں بتایا جائے گا۔

File Menu

اس لسٹ میں ہمیں 22 آپشنز دی گئی ہیں جس میں Open,New File, Close, Save وغیرہ شامل ہیں اس لسٹ میں سے سب سے زیادہ استعمال ہونے والی آپشنز Open, New File, Save, Save as web ہیں۔

Ctrl + n New

اس آپشن کی مدد سے آپ ایڈوب فوٹو شاپ میں ایک نئی فائل بنا سکتے ہیں۔ جیسے ہی آپ اس آپشن پر کلک کرتے ہیں یا اس کی شارکٹ کی کو دباتے ہیں تو ایک ڈائیلاگ باکس کھل جاتا ہے جس میں ایک نئی فائل بنانے کیلئے آپ کو مزید آپشنز دی گئی ہوتی ہیں، جن کو تفصیل کے ساتھ نیچے بیان کیا گیا ہے۔

Name

اس کے آگے ایک لائن موجود ہے جس میں آپ نئی بنائی جانے والی فائل کا نام دے سکتے ہیں جیسا کہ میں ایک نئی فائل بناتا ہوں اور اُس کا نام TheMask لکھتا ہوں۔

Preset Size

اس آپشن میں آپ کو Drag Drop List فراہم کی گئی ہے جس میں آپ کو کمپیوٹر اور روزمرہ زندگی میں استعمال ہونے والی صفحوں کے سائز فراہم کیئے گئے ہیں۔ اسی آپشن میں آپ کو Width + Height کی آپشن بھی فراہم کی گئی ہیں جن کی مدد سے آپ اپنی فرضی کا فائل سائز دے سکتے ہیں، Resulation یہ آپشن پرنٹنگ کیلئے استعمال کی جاتی ہے اگر آپ کو اچھا نتیجہ چاہیے پرنٹنگ میں تو اُس فائل کی مناسب کے لحاظ سے آپ یہاں مقدار ڈالتے ہیں ایک تصویر کیلئے 300 کی مقدار دی جاتی ہے باقی انٹرنیٹ کیلئے ڈیفالٹ 72 بہت مناسب مقدار تصور کی جاتی ہے۔

Contents

اس میں آپ کو تین آپشنز فراہم کی گئی ہیں White اگر آپ اس آپشن کے چیک باکس کو چیک کرتے ہیں تو ہرنئی فائل کا Background کا رنگ سفید ہوگا Background Color اس آپشن کے چیک باکس پر اگر آپ چیک کرتے ہیں تو آپ کی ہرنئی فائل پر وہ رنگ آئے گا جو آپ نے Adobe Tools کی آپشن Swich Background میں دیا ہوتا ہے وہی رنگ آتا ہے ڈیفالٹ طور پر سفید رنگ ہی موجود ہوتا ہے باقی آپ اپنی مرضی کے ساتھ رنگ کو تبدیل بھی کر سکتے ہیں Transparent اگر آپ اس آپشن کے چیک باکس کو چیک کرتے ہیں تو آپ کی ہرنئی فائل بنا کسی رنگ کے بیک کے ساتھ بنے گی جس میں آپ بعد میں اپنی مرضی کا رنگ ڈال سکتے ہیں ایڈوب فوٹوشاپ کا اچھا یوزر زیادہ تر اس آپشن کا استعمال کرتا ہے۔

Open Ctrl + O

اس آپشن کی مدد سے ہم ایڈوب فوٹوشاپ میں وہ فائلیں لاتے ہیں جو پہلے سے بنی ہوتی ہیں جو کہ آپ کے کمپیوٹر میں محفوظ ہوتی ہیں یا سی ڈی روم میں موجود ہوتی ہیں ایڈوب فوٹوشاپ میں آپ کو کئی فارمیٹس فراہم کیئے گئے ہیں جو فارمیٹس فراہم کیئے گئے یہاں صرف اُسی فارمیٹ کی فائلیں کھلتی ہیں۔

Browse Shift + Ctrl + O

اس آپشن کی مدد سے ہم پہلے سے محفوظ شُدہ فائل کو کھولتے ہیں لیکن اس میں ہمیں کافی آسانی ہوتی ہے اگر ایک فولڈر میں کئی تصاویر موجود ہوں تو اس میں ہم Thumbnail میں دیکھ سکتے ہیں ساتھ میں فائل کی مکمل تفصیل بھی موجود ہوتی ہے۔

Open as Shift + Ctrl + O

اس آپشن کی مدد سے ہم پہلے سے محفوظ شُدہ فائل، تصویر وغیرہ کو کھول سکتے ہیں لیکن اس میں آپ صرف وہی فائل کھول سکتے ہیں جس فائل کا فامیٹ سلیکٹ ہوا ہوتا ہے اگر PSD کا فارمیٹ سلیکٹ ہوا ہے تو آپ اس میں PSD کے علاوہ اور کسی بھی فارمیٹ کی فائل نہیں کھول سکتے ہیں ایسا ہی اس میں کئی مشہور فارمیٹس فراہم کیئے گئے ہیں جو فارمیٹ سلیکٹ کریں گے اُسی فارمیٹ کی فائلیں کھلتی ہیں۔

Open Recent

اس آپشن کا نام ہی اپنا کام بتانے کیلئے کافی ہے. جی ہاں اس آپشن کی مدد سے آپ اُن فائلوں کو کھول سکتے ہیں جن کو آپ نے ایڈوب کو چلانے کے بعد ایڈوب میں کھولا ہوتا ہے یاد رہے صرف وہی فائلیں جن کو ایڈوب بند کرنے سے پہلے ایڈوب میں لایا ہوتا ہے جب آپ ایڈوب بند کر دیتے ہیں اُس وقت اس میں سے وہ تمام فائلیں خود بخود ڈیلیٹ ہوتی ہیں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ایڈوب کلاس نمبر ۷

السلام علیکم قارئین!!

Close   Ctrl + w

فائل مینو کی ایک اور آپشن اس کی مدد سے سلیکٹ کی ہوئی فائل کو بند کر سکتے ہیں یاد رہے اگر ایک ہی فائل آپ کے پاس ہے تو اس کمانڈ کی مدد سے وہ بند ہو جائے گی ختم ہو جائے گی اگر آپ نے ایک سے زیادہ فائلیں کھول رکھی ہیں تو آپ نے اُن میں سے کوئی ایک ختم کرنی ہے تو پہلے اُسے سلیکٹ کر لیں پھر اس آپشن کی مدد سے اُسے بند کر دیں اس کے علاوہ اُسی فائل کے اوپر x کا بٹن موجود ہوتا ہے اُس کی مدد سے بھی آپ یہ عمل سر انجام دے سکتے ہیں۔

Save   Ctrl + S

اس کمانڈ کی مدد سے آپ فائل کو PSD جو کہ فوٹو شاپ کا اپنا فائل فارمیٹ ہے اُس میں فائل کو محفوظ کر سکتے ہیں، اس کے علاوہ آپ اس آپشن کی مدد سے BMP,Gif,PDF وغیرہ میں بھی اس آپشن کی مدد سے فائل کو محفوظ کر سکتے ہیں۔

Save As   Shift + Ctrl + S

اس کی مدد سے ہم فائل کو محفوظ کر سکتے ہیں لیکن اس کی مدد سے ہم پہلے سے محفوظ شُدہ فائل کی ایک نئی کاپی بنا کر محفوظ کر لیتے ہیں اگر ہم نے ایک ڈیزائن بنایا ہے تو اُسے TheMask کا نام دے کر محفوظ کر دیا ہے اگر ہم کچھ عرصہ بعد اُس میں تبدیلی لانا چاہتے ہیں تو اُس فائل کو ایڈوب میں کھول لیتے ہیں لیکن ساتھ میں یہ بھی چاہتے ہیں کہ اصل فائل ویسے ہی محفوظ رہے اس کی ایک اور کاپی بن جائے تو اُس کیلئے ہم Save AS کی آپشن کو منتخب کرتے ہیں اور TheMask کی فائل کو ایک نیا نام دے کر محفوظ کر لیتے ہیں۔

Revert

ایک بہت ہی عمدہ آپشن ہے اگر آپ ایڈوب میں کام کر رہے ہیں اور آپ کی فائل خراب ہو گئی ہے اب آپ کو پریشان ہونے کی ضرورت نہیں اس آپشن پر جیسے ہی آپ کلک کریں گے آپ کی فائل اُسی حالت میں واپس چلی جائے گی جس حالت میں آپ نے اُس فائل کو ایڈوب میں کھولا ہوتا ہے۔

Place

اس آپشن کی مدد سے آپ سلیکٹ کی ہوئی فائل پر ایک نئی لیئر کے ساتھ وہ فائل آجاتی ہے جس کو آپ نے اس فائل پر لانا ہوتا ہے یاد رہے اس آپشن کی مدد سے آپ صرف چند مخصوص فارمیٹس کی فائلیں ہی لا سکتے ہیں۔ AI,EPS,PDF,PDP اِن فارمیٹس کے علاوہ آپ کسی اور فارمیٹ کی فائل اس آپشن سے نہیں کھول سکتے ہیں جیسا کہ آپ اِن پیج میں EPS میں ایک فائل محفوظ کرتے ہیں اور ایڈوب میں آپ نے ایک فائل بنائی جس پر آپ نے اِن پیج والی فائل لگانی ہے تو آپ اگر EPS فائل کو عام طریقہ سے کھولیں گے تو آپ کو تین چار عوامل سے گذرنا پڑے گا اور اگر آپ اسی آپشن کی مدد سے کھولیں گے تو وہ خود بخود ایک نئی لیئر بنا کر آپ کی فائل پر آجاتی ہے آپ Enter دبا دیں اور پھر اپنی پسند کی سیٹنگ کر سکتے ہی۔

Import

امپورٹ مطلب کسی چیز کا داخل ہونا یا اس کو ہم "اندر" بھی کہ سکتے ہیں اس آپشن کی مدد سے ہم ایڈوب میں PDF فائلز کو کھولتے ہیں، PDF فائلز کو ہم اس آپشن کی مدد سے تین طریقوں سے لا سکتے ہیں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ایڈوب کلاس نمبر ۸

السلام علیکم قارئین!!

آج کا موضوع Layers ہیں اس سے پہلے کلاس نمبر ۵ میں اس موضوع کی بنیادی چیزیں بتائی جاچکی ہیں آج پریکٹیکل آپ کو Layers کے بارے میں مکمل معلومات فراہم کی جائیں گے انشااللہ۔

Kinds of Layers

لیئرز تین اقسام کی ہوتی ہیں Main Layers,Sub Layers, Text Layers۔

Main Layers

یہ وہ لیئرز ہوتی ہیں جو کہ پہلی لیئرز ہوتی ہیں جب ہم ایک نئی فائل بناتے ہیں Ctrl + N کی مدد سے تو ہمارے سامنے جو صفحہ آتا ہے جس پر ہم نے کام کرنا ہوتا ہے اس کو مین لیئر کہا جاتا ہے، ہر کام ، پروجیکٹ کیلئے صرف ایک ہی مین لیئر ہوتی ہے جس کو ہم Backgorund لیئر بناتے ہیں۔

Sub Layers

مین لیئر کے اندر اُسی مقدار میں بننے والی ہر لیئر مین لیئر کی سب لیئرز ہوتی ہیں یاد رہے سب لیئرز Ctrl + N کی مدد سے نہیں بلکہ Layers Box میں Creat a New Layer کے بٹن سے بنتی ہیں اب یہ ہمارے کام پر منحصر ہے کہ ہم سب لیئرز کا استعمال کس طرح سے کرتے ہیں۔

Text Layers

جب بھی آپ ایڈوب میں Text Tool کی مدد سے کسی بھی قسم کی لکھائی کریں گے تو ایک لیئر خود بخود بن جائے گی اور اسی لیئر کو Text Layer کہا جاتا ہے۔(نوٹ) اگر آپ نے ایک سے زیادہ Text لکھنا ہے تو یاد رکھیں کہ جہاں آپ نے پہلا ٹیکسٹ لکھا ہوگا اُس سے کچھ ہٹ کر آپ دوسرا ٹیکسٹ لکھیں تب ایک نئی ٹیکسٹ لیئر بنے گی۔

خلاصہ:

Ctrl + N سے بننے والی لیئر Main Layers ہوتی ہیں، Layer Box میں Creat a new Layer کے بٹن سے بننے والی ہر لیئر Sub Layers ہوتی ہیں،اور Text Tool کی مدد سے بننے والی ہر لیئر Text layer ہوتی ہے۔ Sub Layer + Text Layer کا سائز ڈیفالٹ وہی ہوگا جو کہ آپ کی Main Layer کا سائز ہے۔

Layers
Channels
Paths
Normal
Opacity: 100%
Lock:
Fill: 100%
Text layer
Sub layer
Main layer
1st Layer Hamesah Ctrl + N say Banti Hai
Sub Layer es Button say Banti Hai

پریکٹیکل ورک:

آج ہم ایک چھوٹا سا پریکٹیکل کام کریں گے جس میں آج آپ کو Avatar بنانا سکھایا جائے گا اس کی ضرورت صرف اس لیئے پیش آئی ہے کہ آپ احباب کو Layers کی سمجھ باخوبی آ جائے۔

☆ Ctrl + N کی مدد سے ایک نئی فائل بنائیں سائز 100 x 100 Pixels رکھیں

☆ اب اس میں آپ سُرخ رنگ بھر دیں۔

☆ اب آپ کی بورڈ سے D دبا دیں۔

☆ اب آپ Text Tool کی مدد سے اپنا نام لکھیں سائز 18x اور Font آپ Arial Black رکھیں

☆ اب آپ Crel + J دبائیں Layer Box میں آپ کے نام کی ایک دوسری Text Layer بن گئی ہوگی۔

☆ اب آپ Edit Menu میں Transform میں Flip Vertical پر کلک کر دیں۔

☆ Down Arrow Key کو آپ 12 مرتبہ دبائیں۔

☆ اب آپ Opacity 50 % کر دیں۔

☆ اب آپ Save as a Web پر جائیں اور فائل کو Gif Format میں محفوظ کر دیں۔

اس مکمل پریکٹیکل میں 3 Layers کا استعمال ہوا ہے Background والی ہماری Main Layer تھی باقی دو ہماری Text Layers تھیں جن پر ہم نے اپنا نام لکھا تھا۔ مزید Layers کا استعمال آگے مزید پریکٹیکل ورکس میں آجائے گا انشا اللہ اگر آپ کو کسی چیز کی سمجھ نہیں آئی تو آپ رابطہ کر سکتے ہیں۔

Layers
Channels
Paths
Normal
Opacity: 50%
Lock:
Fill: 100%
The Mask copy
The Mask
Layer 1
Layer 1 = Main Layer
The Mask = 1st Text Layer
The Mask Copy = 2nd Text Layer

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ایڈوب کلاس نمبر۹

السلام علیکم قارئین!!

آپ کو ایڈوب فوٹو شاپ میں ایک نئی فائل بنانے اُس میں کام کرنے کا طریقہ بتایا جا چکا ہے آج اسی سلسلہ کی ایک کڑی کے ہمراہ حاضر ہوں آج آپ کو فائل ،تصویر کے پیچھے Background لگانے کا آسان طریقہ بتایا جائے گا۔

☆ سب سے پہلے آپ اُس فائل کو کھول لیں جس کے پیچھے آپ نے بیک گراؤنڈ تصویر لگانی ہے

☆ اب وہ تصویر کھول لیں جو کہ آپ نے بیک گراؤنڈ کے طور پر استعمال کرنی ہے

☆ جس فائل پر ہم نے بیک گراؤنڈ لگانا ہے اُس کا نام اس ٹیوٹوریل میں File 1 ہے جبکہ جو بیک گراؤنڈ کے طور پر استعمال کرنی ہے اُس فائل کا نام File 2 ہے۔ یہ آپ کی سہولت کیلئے کیا گیا ہے ویسے اس کا ایڈوب ورک سے کوئی واسطہ نہیں ہے

☆ File 2 کو Ctrl + A کریں ساتھ ہی Ctrl + C کر لیں اور File 1 کو Active کر لیں اور Ctrl + V کر دیں

☆ اب آپ File 2 کی سیٹنگ اپنی مرضی کے مطابق کر دیں اُس کا سائز چھوٹا بڑا کرنا ہے تو اپنی مرضی کے مطابق کر لیں

☆ سائز چھوٹا بڑا کرنے کیلئے Ctrl + T دبائیں اور آپ کی تصویر سلیکٹ ہو جائے گی اب آپ اپنی مرضی کے مطابق اس سے کام لے سکتے ہیں چاہیے تو چھوٹا کریں چاہے تو بڑا کریں

☆ اب Layer Box میں Opacity کی آپشن میں آپ 100% سے کم کر کے 25% کر دیں، آپ Opacity کو

1% سے 100% تک لے جاسکتے ہیں اب یہ آپ پر ہے کہ آپ کس مقدار میں رکھنا چاہتے

☆ لیس جی آپ کی تصویر کے پیچھے بیک گراؤنڈ تصویر لگ چکی ہے یہی عمل آپ اپنی تحریر پر بھی کر سکتے ہیں جس کی مدد سے آپ کی تحریر چوری نہیں کر سکے گا کوئی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ایڈوب کلاس نمبر۱۰

السلام علیکم قارئین!!

آج کی کلاس بھی پریکٹیکل ورک پر مشتمل ہے جس میں آپ کو پہلے ایڈوب میں فائل پر بارڈر بنانے کا طریقہ بتایا جائے گا اور ساتھ میں بارڈر خوبصورت بنانے کا طریقہ بھی بتایا جائے گا۔

☆ایک نئی فائل کھول لیں Ctrl + N کی مدد سے فائل کا سائز 668 x 900 Pixles رکھیں

☆اب آپ سلیکشن ٹول کو سلیکٹ کر لیں (آسانی کیلئے کی بورڈ سے M دبادیں)

☆اب آپ سلیکشن ٹول آپشن بار میں پہلے Multi Selection کے بٹن پر کلک کریں

☆اب آپ فائل کے اوپر کے حصہ کے بارڈر کو سلیکٹ کر لیں ایسا ہی سیدھے، اُلٹے اور نچلے حصوں کو بھی سلیکٹ کر لیں

☆اب آپ کی سلیکشن کچھ ایسی ہونی چاہیے

☆اب آپ اپنی مرضی کا رنگ ڈال دیں (نوٹ) سلیکشن کے وقت رنگ صرف اُسی جگہ پر ہوتا ہے جہاں سلیکشن کی ہوئی ہوتی ہے

☆لیں جی بارڈر تو ہم نے بنا لیے ہیں اب اگر آپ نے انہیں خوبصورت کرنا ہے تو Blending کی آپشن استعمال کریں

☆layer پر Righr click کریں اور Blenging پر کلک کر دیں

☆اب آپ Gradient Overly کی سیٹنگ نیچے دی گئی تصویر کے عین مطابق رکھیں

☆اب آپ Stain پر کلک کر دیں اور سیٹنگ نیچے دی گئی تصویر کے مطابق رکھیں

☆اب آپ Bevel & Emboss پر کلک کردیں اور سیٹنگ نیچے دی گئی تصویر کے مطابق رکھیں

Layer Style

Styles
Blending Options: Default
Drop Shadow
Inner Shadow
Outer Glow
Inner Glow
Bevel and Emboss
Contour
Texture
Satin
Color Overlay
Gradient Overlay
Pattern Overlay
Stroke

Bevel and Emboss
Structure
Style: Pillow Emboss
Technique: Smooth
Depth: 100 %
Direction: Up Down
Size: 5 px
Soften: 0 px

Shading
Angle: 120 °
Use Global Light
Altitude: 30 °
Gloss Contour: Anti-aliased
Highlight Mode: Screen
Opacity: 100 %
Shadow Mode: Multiply
Opacity: 0 %

☆بارڈر تیار ہے اب آپ File Menu میں Save as Web پر جائیں اور Gif فارمیٹ میں محفوظ کرلیں

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ایڈوب کلاس نمبر ۱۱

السلام علیکم قارئین!!

آج کو Healing Brush Tool کا استعمال سکھایا جائے گا اس میں آپ خرب تصویر جو کہ جگہ جگہ سے پھٹی ہوا اس کو اور اپنے چہرے سے داغ دھبے دور کر سکتے ہیں آج آپ کو خراب تصویر کو درست کرنے کا طریقہ بتایا جائے گا۔

طریقہ کار:

☆ ایک پُرانی تصویر کھول لیں جو تصویر میں نے کھولی ہے وہ آپ کو C:\Program Files\Adobe\Photoshop 7.0\Samples میں مل جائے گی یہ تصویر ایڈوب میں کی اپنی تصویر ہے۔

☆ اب آپ Healing Brush Tool کو منتخب (سلیکٹ) کرلیں

☆ اب سب سے پہلے ہم نے اس تصویر کو Zoom In کرنا ہے اس کی مدد سے ہیلنگ صفائی سے ہوتی ہے

☆ اب آپ برش سائز کام کی مناسب سے رکھ لیں میں نے 50% رکھا ہے لیکن جگہ کی مناسب سے اس کا سائز تبدیل کرتے رہنا ہے

☆ اب جہاں پر تصویر خراب ہے اُسی کے ساتھ والی جو جگہ ٹھیک ہے Alt + Left Click کرنا ہے

☆ اب ہم نے اُس سفید (خراب) جگہ پر کلک کرنا ہے دیکھیں وہ جگہ پُر ہو چکی ہوگی اسی طرح مکمل تصویر پر کلک کرنا ہوگا لیکن یاد رہے ہر جگہ پر کلک کرنے سے پہلے اُس خراب جگہ سے قریب تین درست جگہ پر آپ نے Atl + Left Click لازمی کرنا ہے

Alt + Left Click

جب ہم یہ عمل کرتے ہیں تو جہاں پر ہم نے کلک کیا ہوتا ہے وہ عارضی طور کیلئے آپ کے اگلے کلک میں محفوظ ہو جاتی ہے اور جیسے ہی آپ کہیں اور کلک کرتے ہیں اُس کا اثر جاتا رہتا ہے اسی لیئے ہر جگہ کو درست کرنے کیلئے اُس کی قریب ترین جگہ پر کلک لازمی کریں۔

دیماسک

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ایڈوب کلاس نمبر۱۲

السلام علیکم قارئین!!

Edit Menu

اس مینو میں آپ کو کیا کیا میسر ہوسکتا وہ اس مینو کے نام سے ظاہر ہورہا ہے جی ہاں اس مینو میں آپ کو ہر وہ آپشن دستیاب ہوگی جس کی مدد سے آپ تصاویر میں Editing وغیرہ کرسکیں۔اس مینو میں بہت سی ایسی چیزیں ہیں جو کہ تقریباً ہر سافٹ ویئر میں پائی جاتی ہیں اور بہت ہی عام بھی ہیں لہذا یہاں صرف اُنہی آپشنز پر بات کی جائے گی جو کہ خاص ایڈوب میں موجود ہیں۔

(Ctrl + T) Free Transform

اس کی مدد سے ہم تصویر کو کسی بھی زاویے(Angle) میں گُھما سکتے ہیں،جب کوئی تصویر چھوٹی کرنی ہوتی ہے تو اُس وقت میں اس آپشن کا بہت استعمال ہوتا ہے۔آپ تصویر کو ایڈوب میں کھولتے ہیں اور Ctrl + T کر دیں پس اب آپ نے کی بورڈ سے Shift key دبائی رکھنی ہے اور ماؤس کی مدد سے تصویر کو چھوٹا کرتے جائیں۔

Transform

اس آپشن کی لسٹ میں آپ کو کئی آپشنز دی گئی ہیں اس سے پہلے والی آپشن اور اس میں فرق صرف اتنا ہے کہ آپ فری ٹرانسفر میں اپنی مرضی کا زاویہ بنا سکتے ہیں لیکن اس آپشن میں آپ کو مخصوص زاویے دیئے گئے ہیں آپ عین اُن کے مطابق تصاویر کو گُھما سکتے ہیں دونوں آپشنز اپنے کاموں میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔

Define Brush Preset

اس آپشن کی مدد سے آپ اپنی مرضی کا بُرش بنا سکتے ہیں،برش کا کام ایسا ہوتا ہے جیسا کہ Stamp کا کام ہوتا ہے دوسرے معنوں میں آپ اپنی مرضی کی Stamp بنا سکتے ہیں۔طریقہ کار بہت ہی آسان ہے اگر آپ کو نام کا برش بنانا ہے تو آپ اپنا نام لکھیں اور اُس فائل کو عین نام کے مطابق کاٹ لیں اور Edit Menu جائیں اور Define Brush Preset پر کلک کر دیں اور ایک باکس کھل جائے گا اُس میں اپنے برش کا نام دیں اور ok کر دیں آپ Tool Box میں جائیں Brush Tool کو منتخب کر لیں اور تصویر پر ماؤس کو لائیں اور Right Click کریں آپ کے سامنے باکس آجائے گا جس میں کئی اقسام کے برش موجود ہوں گے آپ کا بنایا گیا برش اسی باکس کے سب سے آخر میں موجود ہوگا۔

Define Pattren

اس کی مدد سے آپ اپنی مرضی کا Pattren بنا سکتے ہیں جس میں Text، تصاویر وغیرہ شامل کر سکتے ہیں، جیسا کہ کوئی اداروں کے لیٹر پیڈ کی بیک پر اُن کی کمپنی کا نام کئی مرتبہ لکھا ہوتا ہے وہ کام آپ اس آپشن کی مدد سے کر سکتے ہیں آپ اپنا نام لکھیں اور Edit menu میں جائیں اور Define Pattren پر کلک کر دیں اور کوئی سا بھی نام دے کر محفوظ کر لیں۔ اب آپ Pattren Tool کو منتخب کر لیں اور ماؤس سے کلک کر کے ماؤس کا ڈریگ کریں تو دیکھیں گے آپ کہ آپ کا نام صفحہ کے پیچھے آچکا ہوگا آپ اس کی Opacity کم کر دیں تو زیادہ اچھا لگتا ہے۔

Shift + F5 Fill

ایڈٹ مینو کی ایک بہت ہی اچھی آپشن ہے اس کی مدد سے آپ کسی بھی تصویر، فائل، میں رنگ بھر سکتے ہیں رنگ کس طرح کا ہوگا یہ آپ پر منحصر ہوتا ہے آپ جیسا رنگ رنگ چاہیں اس آپشن کی مدد سے لگا سکتے ہیں۔

Stroke

اس کی مدد سے آپ تصویر، فائل پر بارڈر لگا سکتے ہیں ہیں یاد رہے اس آپشن سے آپ صرف ایک رنگ میں بارڈر لگا سکتے ہیں یعنی آپ اس آپشن کی مدد سے Multi colors کا بارڈر نہیں بنا سکتے۔

Adobe PDF Presets

اس آپشن کی مدد سے آپ ایڈوب فائلز یعنی PSD Extensions فائلز کو PDF میں تبدیل کر سکتے ہیں یعنی PDF کی فائل بنا سکتے ہیں۔

Shift + Ctrl + K Color Settings

اس آپشن کی مدد سے ہم ایڈوب فوٹوشاپ میں رنگوں کے نظام کو ترتیب دیتے ہیں اور اپنی مرضی کے عین مطابق اُن کی سیٹنگ کر سکتے ہیں۔

Alt+Shift+Ctrl+K Keyboard Shortcuts

اس آپشن میں آپ کو ایڈوب فوٹوشاپ کی تمام شارٹس کٹ کیز کی فراہم کی گئی ہیں یہاں سے آپ ہر ٹول، آپشن کی شارٹ کٹ کی معلوم کر سکتے ہیں۔

ے ی ا س ک

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ایڈوب کلاس نمبر ۱۳

السلام علیکم قارئین!!

Image Menu

اس مینو میں آپ کو تصاویر سے متعلقہ آپشنز فراہم کی گئی ہیں جن کی تفصیل نیچے درج ذیل ہے۔

Mode

اس آپشن میں آپ کو کئی آپشنز دی گئی ہیں جن کی مدد سے آپ اپنی تصویر کو اُن میں سے کسی ایک فارمیٹ میں تبدیل کر سکتے ہیں یاد رہے اِن میں سے جس فارمیٹ میں آپ کسی بھی قسم کی تصویر کو تبدیل کریں گے تو وہ PSD میں تبدیل ہو جائے گی اور ایڈوب فوٹوشاپ میں کام ہوتا ہی PSD فائلز پر ہے۔

Adjustments

اس آپشن کے نام سے ہی اس کے کام کا علم ہوجاتا ہے جی ہاں اس آپشن میں ہمیں آگے چل کر مزید آپشنز دی گئی ہیں جن کی مدد سے ہم اپنی تصاویر میں اُن آپشنز سے وابستہ کام کر سکتے ہیں جس میں تصاویر کے رنگوں کو برابر کرنا، اس میں آپ کو ایڈوب کافی آسانی فراہم کرتا ہے جی ہاں آپ Auto بھی سیٹ کر سکتے ہیں اور خودکار سیٹنگ بھی کر سکتے ہیں اس کے علاوہ اس میں آپ رنگوں کے ساتھ بھی کام کرتے ہیں اِن تمام آپشنز کا استعمال انشااللہ پریکٹیکل کام میں کیا جائے گا۔

Duplicate

اس آپشن کی مدد سے ہم نقل، کاپی، تیار کرتے ہیں فرض کریں ہم نے ایک تصویر کھول رکھی ہے اب ہم چاہتے ہیں یہی تصویر دو فائلز پر موجود ہو تو ہم اس آپشن کی مدد سے ایسا کام کر سکتے ہیں اس میں تصویر اُسی سائز میں بنتی ہے یعنی ہم کاپی بنا لیتے ہیں۔

Alt+Ctrl+I Image Size

اس آپشن کی مدد سے ہم سلیکٹ کی گئی فائل، تصویر وغیرہ کا سائز معلوم کر سکتے ہیں ساتھ میں تصویر، فائلز میں شامل ڈاکومنٹ کا سائز بھی معلوم کر سکتے ہیں۔

Alt+Ctrl+C Canvas Size

اس آپشن کی مدد سے ہم تصویر کے اینگل کا سائز معلوم کر سکتے ہیں اور ساتھ میں اپنی مرضی میں اُس کو تبدیل بھی کرا سکتے ہیں یعنی ہم تصویر کو کسی بھی اینگل مین دیکھ سکتے ہیں لا سکتے ہیں جتنی مقدار ڈالیں گے تو تصویر آپ کو اُسی زاویے میں دیکھ سکیں گے۔

Rotate Canvas

اس آپشن کی مدد سے آپ اپنی تصویر کو مخف اینگلز میں دیکھ سکتے ہیں اُس کو مختلف اینگلز میں تبدیل کر سکتے ہیں ساتھ میں آپ اپنی مرضی کی مقدار ڈال کو اُس اینگل میں بھی دیکھ سکتے ہیں جس میں -,+ دونوں آپشنز بھی فراہم ہیں

Trim

اس آپشن کی مدد سے آپ فائلز سائز کو کاٹ سکتے ہیں جس میں آپ کو تین آپشنز دی گئی ہیں آپ فائل کو ہر طرف سے Trim کرا سکتے ہیں ایک اچھی آپشن ہے جو کہ ایڈوب میں کافی جگہ پر استعمال کی جاتی ہے۔

Revert All

ایک بہت ہی عمدہ آپشن ہے اس کی مدد سے آپ تصویر کو اُس کی اصلی حالت میں واپس لا سکتے ہیں یعنی اُس حالت میں جس میں آپ نے تصویر کو ایڈوب میں کھولا ہوتا ہے۔

Layer Menu

اس مینو میں آپ کو لیئرز سے متعلقہ آپشنز فراہم کی گئی ہیں Layers کا ایڈوب میں بہت اہم کردار ہوتا ہے اس پر پہلے اسباق میں کافی زور دیا گیا تھا کیونکہ آپ اگر لیئرز کو نہیں سمجھ سکیں گے تو آپ کیلئے ایڈوب میں کام کرنا آسان نہیں ہوگا اور اگر آپ لیئرز کو سمجھ جاتے ہیں تو آپ کیلئے ایڈوب میں کام کرنا بے حد آسان ہوگا۔

New Layer

اس میں آپ کو کافی آپشنز دی گئی ہیں جن کی مدد سے آپ اُن کی مناسبت سے کا کر سکتے ہیں سب سے پہلے آپ کو ایک نئی لیئر بنانے کی آپشن دی گئی ہے جہاں سے آپ ایک نئی لیئر بنا سکتے ہیں، پھر آپ لیئر میں رنگ بھر سکتے ہیں رنگ وہی بھرا جائے گا جو کہ ToolBar میں background color سلیکٹ ہوگا ڈیفالٹ پر سفید رنگ سلیکٹ ہوتا ہے۔ اسی کے ساتھ ساتھ آپ لیئرز اور فائلز کا اپنا Group بنا سکتے ہیں اس آپشن کا استعمال اُس وقت پیش آتا ہے جب ہم بڑے پیمانے پر کام کر رہے ہوتے ہیں جس میں ہم ہر چیز کا اپنا گروپ بنا لیتے ہیں اور ضرورت کے وقت با آسانی رسائی حاصل کر لیتے ہیں۔ اِن کے ساتھ آپ کو لیئرز کو کاپی اور کٹ کرنے کی آپشنز بھی فراہم کی گئی ہیں۔

Duplicate Group

اس آپشن کی مدد سے آپ پہلے سے تیار شدہ گروپ کی ایک اور کاپی بنا لیتے ہیں

Layer Style

اس آپشن میں آپ کئی آپشنز فراہم کی گئی ہیں جن کی مدد سے آپ تصاویر، ٹیکسٹ کو اچھا ایفیکٹ دے سکتے ہیں انہی آپشنز کو ہم Blending Options بھی کہتے ہیں اور ان پر تفصیلی کلاس پہلے ہو چکی ہے۔

New Fill Layer

اس میں آپ کو تین آپشنز فراہم کی گئی ہیں جن کی مدد سے آپ لیئر میں رنگ بھر سکتے ہیں۔Solid Color اس آپشن کی مدد سے آپ سنگل رنگ بھر سکتے ہیں رنگ آپ اپنی مرضی کا رکھ سکتے ہیں۔Gradient اس آپشن کی مدد سے ہم Multi Color کرسکتے ہیں جس میں ہم کافی رنگوں کو ملا کر ایک لیئر میں ایک سیٹ بنا سکتے ہیں یعنی رنگوں کا مجموعہ۔Pattern اس کی مدد سے ہم مختلف اقسام کے پیٹرن کو اپلائی کرا سکتے ہیں یاد رہے ہم اپنا پیٹرن بھی بنا سکتے ہیں پچھلی کلاس میں طریقہ کار آپ کو بتلایا جا چکا ہے۔

New Adjustment Layers

اس آپشن میں کافی آپشنز دی گئی ہیں جیسا کہ Image menu میں ہم Adjustment کی آپشن سے تصاویر کی Adjustment کرتے ہیں ایسا ہی Layer Menu میں ہم اس آپشن کی مدد سے Layers کی Adjustment کرتے ہیں تمام آپشنز ایک جیسے ہیں بس فرق صرف تصویر اور لیئر کا ہے

ڈی ماسک

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ایڈوب کلاس نمبر 14

السلام علیکم قارئین!!

اِن پیج میں کوئی بھی شعر،نظم،غزل لکھ لیں اور فائل کو EPS.Extension میں محفوظ کرلیں EPS میں محفوظ کرنے کا طریقہ کا رایک پہلے تھریڈ میں بتایا جاچکا ہے آپ کی آسانی کیلئے اُس کا لنک اُوپر حاضر خدمت ہے۔

آپ ایڈوب میں EPS والی کو کھول لیں Wdith 668 Pixels رکھیں Height کے ساتھ کچھ نہیں کرنا

(نوٹ) شعر،غزل،نظم کیلئے کم از کم سائز 30 رکھیں

اب وہ تصویر کھول لیں جو آپ نے بیک گراؤنڈ میں لگانی ہے اور Copy اور پھر Poetry والی فائل پر Past اب Layer Box میں جائیں اور تصویر والی لیر کو نیچے کردیں یعنی پہلے نمبر پر لے آئیں

شاعری والی فائل پر اب زوم ٹول کی مدد سے فائل پر تین مرتبہ کلک کریں تاکہ آپ کو لکھائی صاف دیکھائی دے سکے

اب آپ Blending Options پر جائیں

اب Drop Shadow کی سیٹنگ کچھ یوں کرلیں

اب آپ Color Overlay کی سیٹنگ کچھ یوں کرلیں

Color Overlay
Gradient Overlay
Color Overlay
Color
Blend Mode: Normal
Opacity: 100 %

اب آپ Stroke کی سیٹنگ کچھ یوں کر لیں۔

لیں جی آپ کا کام مکمل ہوا میں نے ایک مثال آپ کے سامنے پیش کر دی اب آپ اپنی مرضی کے Effects دیں یاد رہے تمام تصاویر اور Text پر جتنے بھی Effects دیئے جاتے ہیں وہ تمام کے تمام Blending Options سے دیئے جاتے ہیں۔

ٮ ی ماسکے

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ایڈوب کلاس نمبر 15

السلام علیکم قارئین!!

XP Wallpaper پر آپ کا نام

سب سے پہلے آپ XP Wallpaper کو Save کر لیں

اب آپ سب سے پہلے Xp Wallpaper کی تصویر کو RGB میں Convert کریں اس کیلئے نیچے تصویر دیکھیں

اب آپ اپنا نام لکھ لیں Font کوئی سا بھی رکھ لیں میں نے Arial Black رکھا ہے سائز 48 ہے

میں نے ***IT DUNYA*** لکھا ہے، اب آپ نے Fill کو 0% کر دینا ہے

اب آپ Blending Options میں جائیں اور نیچے دی گئی تصویر کے مطابق سیٹنگ کر دیں

بسم اللہ الرحمن الرحیم

کورس سیکشن

ایڈوبی کلاس ۱۶

السلام علیکم قارئین

:Filter Option

ایک بہت ہی کارآمد آپشن ہے آپ کو کلاس ۱۵ میں وال پیپر بنانا سکھایا گیا تھا مگر اُس میں
آپ نے فلٹر کا استعمال نہیں کیا تھا فلٹر ایڈوبی میں ایک آپشن ہے جس کی مدد سے ہم مختلف قسم کے وال پیپر بنا سکتے ہیں اس آپشن میں آگے
چل کر کئی آپشن موجود ہوتی ہیں جو کہ آپ کی تصویر پر مختلف ڈیزائن بناتی ہیں اس آپشن سے کیسے کام کرتے ہیں
ایک فائل کھول لیں سائز اپنی مرضی کا رکھ لیں اگر وال پیپر بنانا ہے تو 800 x 600 رکھیں
اب اس میں Gradient Tool کی مدد سے کوئی سا بھی رنگ بھر دیں

اب آپ Filter Option پر جائیں اور جو آپ کو ڈیزائن بنانا ہے اُس پر کلک کر دیں

اب دیکھیں کہ یہ ایک ڈیزائن بنا ہوا تیار ہو گیا ہے

(نوٹ) آپ فلٹرز بڑھا بھی سکتے ہیں اس کیلئے آپ کو فلٹرز انسٹال کرنا ہوں گے ان کی سی ڈی مارکیٹ میں با آسانی دستیاب ہوتی ہیں اور آپ ایک ساتھ کئی فلٹرز کا استعمال کر کے ایک اچھا سا وال پیپر بھی بنا سکتے ہیں۔۔۔۔۔

:Layers

جس کو لیئرز کی سمجھ آ جائے وہ ایڈوبی میں بہت جلد کامیاب ہو جاتا ہے ان کی مثال Plastic Sheet جیسی ہے کہ جو اُوپر ہو گی وہی نظر آئے گی اگر آپ کے پاس دو Layers ہیں ایک میں آپ کا نام اور ایک میں Background تو آپ نے Background والی Layer کو نیچے رکھنا ہو گا یعنی پہلے نمبر پر اور نام والی کو اُس کے اُوپر تو تب آپ کے نام کے پیچھے آپ کو Background نظر آئے گا تصاویر کی مدد حاصل کریں

یہ دو Layers ہیں ایک میں آپ کا نام اور ایک میں Background ہے

اب آپ نے نمبر ایک Layers کو نیچے رکھنا ہے تصویر میں نمبر 1 کو دیکھیں کے کہاں پر ہے

اورنام والی لیئر کو اس کے اوپر رکھنا ہے

نام والی Layers Background والی Layer

ولسلام

دی ماسک

ایڈوبی کورس کلاس ۱۷

السلام علیکم قارئین!

وال پیپر پر تصویر لگانے کا طریقہ:

اس کیلئے ہم کو درج ذیل چیزوں کی ضرورت ہوتی ہے

Wallpaper + Tasver

اب ہمارے پاس دونوں چیزیں موجود ہے تصویر بھی اور وال پیپر بھی اب ہم نے وال پیپر کے ساتھ کچھ بھی نہیں کرنا ہے جو کام کرنا ہے تصویر کے ساتھ کرنا ہے سب سے پہلے تصویر کے اُس حصے کو سلیکٹ کر لیں گے جس کی ہم کو ضرورت ہے اس کو سلیکٹ کرنے کیلئے ہم Magic Wand Tool کا استعمال کریں گے اس ٹول کو سلیکٹ کرنا ہے اب اس Duck کو سلیکٹ کرنا ہے آپ کو یہ بتاتا چلوں کہ Magic Wand Tool سے ہم اس Duck والی تصویر کا Background سلیکٹ کریں گے اور پھر جب سب سلیکٹ ہو جائے گا تو ہم Ctrl + Shift + I کا استعمال کریں گے تو Duck خود بخود سلیکٹ ہو جائے گی Magic wand Tool سے ہم نے بیک گراؤنڈ سلیکٹ کیا اور ctrl + shift + i سے Invers کیا تو جو سلیکٹ تھا وہ اَن سلیکٹ ہو گیا اور جو سلیکٹ نہیں تھا وہ سلیکٹ ہو جاتا ہے یہی اس ٹول کا سب سے بڑا فائدہ ہے اس تصاویر کی مدد سے دیکھیں

Duck کی تصویر سفید رنگ کا بیک گراؤنڈ ہے ہم نے ہر سفید حصہ پر کلک کرنا ہے یاد رہے کہ Multi Selection کے آپشن کو سلیکٹ کرنا مت بھولیں جو کہ اُوپر ٹول بار میں موجود ہے آپ تصویر میں ملاحظہ فرما سکتے ہیں

اب سفید حصہ سلیکٹ ہو چکا ہے اب ہم نے ctrl + shift + i کو دبانا ہے اب Duck سلیکٹ ہو چکی ہے

اب ہم نے ctrl + c کرنا ہے

اب wallpaper والی Layer پر جانا ہے اور Ctrl + V کر دینا ہے

لیں جی آپ کا کام تمام ہو چکا ہے

اردو کے چھپے تصاویر کیسے لگاتے ہیں؟

آپ ایک تحریر لکھ لیں ان پیج پر اور اُس کو File Menu پر جائیں اور Export pages پر کلک کردیں اور Eps کی Extension میں محفوظ کردیں تصاویر کی مدد حاصل کرلیں

Export As a Picture

Save in: class 17

File name:

Save

Save as type: CompuServe Bitmap Files

Cancel

CompuServe Bitmap Files
Encapsulated PostScript Files

Export As a Picture

Save in: class 17

1st

File name: 02

2nd

Save

Save as type: Encapsulated PostScript Files

Cancel

Export As Picture

File Name: E:\Adobe Course\class 17\02.eps

OK

Export Range

Browse...

Cancel

Selected Objects

Help

All Pages

Pages From: 2 To: 2

Scaling : 100%

اس فائل کی widht 668 pixel رکھیں

اب آپ ctrl + A کریں تمام تحریر سلیکٹ ہو جائے گی

Tnen Ctrl + C

اب بیک گراؤنڈ والی Layer پر جائیں اور Ctrl + V کر دیں

بسم اللہ الرحمن الرحیم

موبائل فون سیکشن

السلام علیکم قارئین!

عزیز دوستو امید کی جاتی ہے کہ آپ تمام خیر و آفیت سے ہوں گے اور پُر وقار زندگی بسر کر رہے ہوں گے آج آپ کی خدمت میں حاضر خدمت ہوا ہوں ایک اور اچھے موبائل کے ریویو کے ہمرہ اس سے قبل پیش کیئے گئے ریویو میں آپ لوگوں کی دلچسپی کو مدنظر رکھتے ہوئے اب اس بات کا عہد کرلیا ہے کہ زیادہ زیادہ موبائل فون کے ریویو آپ لوگوں کی خدمت پیش کیئے جائیں

Nokia 6030

نوکیا کا یہ موبائل ایک الگ سا ہی موبائل ہے آج کل کے دور میں ہر موبائل میں کیمرہ اور دیگر جدید چیزیں موجود ہوتی ہیں مگر یہ ایک ایسا موبائل سیٹ بنایا گیا ہے کہ جس میں یہ سب کچھ نہیں ہے مگر باوا جود اس کے یہ موبائل کئی لوگوں کے ہاتھوں میں نظر آتا ہے کیا وجہ ہے؟ وجہ سب سے بڑی یہ ہے کہ یہ موبائل نہایت ہی سادہ اور دلکش موبائل بنایا گیا ہے اور سب سے بڑھ کر اس کی قیمت ہے جو کہ آج کل کے جدید دور کے موبائل کی قیمتوں سے کئی گنا کم ہے یہ موبائل آپ کو سد ماہ کی وارنٹی کے ساتھ 6,000 تک مل جاتا ہے اور بہت ہی ہلکا سا سیٹ ہے اس کا وزن بہت ہی کم ہے

- FM Radio آپ کو اس موبائل میں میسر ہے
- وزن 90 g ہے اور Dimensions 104 x 40 x 18 mm ہے
- Phone Book میں 300 نمبر محفوظ کرنے کی سہولت موجود ہے جبکہ Notes میں 500 Douments ہوتے ہیں

لیں جی یہ کام بھی تمام ہوا اب آپ بھی مزے سے تصاویر لگائیں

والسلام

دی ماسک

ایڈوب کلاس نمبر ۱۸

السلام علیکم قارئین!

ایڈوب میں بلیک اینڈ وائٹ تصویر کو رنگین بنائیں

آپ ایک تصویر کھول لیں جیسا کہ میں نے یہ تصویر لی ہے یہ تصویر آپ کو ایڈوب کے Sample میں میسر ہے

اب ہم نے سب سے پہلے اس تصویر کو RGB میں لانا ہے اس کیلئے ہم کچھ ایسا کریں گے

Menu Bar میں Image پر جائیں وہاں سے Mode پر جائیں اور RGB کو سلیکٹ کر لیں

اب ہم نے اس تصویر میں سب سے پہلے دروازہ کو رنگین کرنا ہے اُس کیلئے رنگ اپنی مرضی کا رکھیں پہلے دروازے کے بارڈرز کو سلیکٹ کر لیں سلیکشن کیلئے سب سے اچھا ٹول Renctangular Marquee Tool ہے اور آپشن میں Multi selection کر دیں دروازے کے بارڈر کو سلیکٹ کر لیں

اب Ctrl + B دبائیں آپ کے سامنے Color Balance کی آپشن آ جائے گی اس کی سیٹنگ تصویر کے مطابق کر دیں

اب ہم نے دروازے کے اندرونی حصہ کو سلیکٹ کرنا ہے سلیکشن ٹول وہی استعمال کریں جو پہلے کیا ہے

اب پھر Ctrl + B کریں اور اس کی سیٹنگ نیچے دی گئی تصویر کے مطابق کر دیں

اب ہم نے ٹوپی کی سلیکشن کرنی ہے اور ٹول Magnatic Lasoo Tool کا استعمال کرنا ہے

اب ہم نے Ctrl+B کرنا ہے اور اس سیٹنگ نیچے دی گئی تصویر کے مطابق کر دیں

اب ہم اس کی قمیض کو سلیکٹ کریں گے سلیکشن ٹول M.L.T ہوگا جس سے ٹوپی کی سلیکشن کی ہے

اب ہم ctrl+b کریں گے اور سیٹنگ نیچے دی گئی تصویر کے مطابق کر دیں گے

اب ہم نے دیواروں کی سلیکشن کرنی ہے اس کیلئے ہم دوبارہ پہلا ٹول استعمال کریں گے جس سے پہلے سلیکشن کی تھی دروازے کی

اب ہم ctrl+b کریں گے اور سیٹنگ تصویر کے مطابق کر دیں گے

اب آخر میں نیچے فرش کی سلیکشن کرنی ہے وہ بھی R.M.T تول کی مدد سے کریں گے جس سے اوپر کی گئی ہے
اب ctrl+b اور سیٹنگ نیچے دی گئی تصویر کے مطابق کر دیں گے

Color Balance
Color Balance
Color Levels: +89 +42 +40
Cyan Red
Magenta Green
Yellow Blue
Tone Balance
Shadows Midtones Highlights
Preserve Luminosity
OK
Cancel
Preview

اب مجھے اجازت دیں انشا اللہ پھر ملاقات ہوتی ہے اگلی کلاس کے ہمرہ

والسلام

خرم اعجاز

Ranch House.jpg @ 50% (Defa...
Default

Ranch House After.jpg @ 50%...
After

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ایڈوب کلاس نمبر۱۹

السلام علیکم قارئین!

اُمید ہے کہ تمام اراکین خیر و آفیت سے ہوں گے آج آپ کو رنگوں کے بارے میں بتایا جائے گا اور گرافکس کے میدان میں رنگوں کی بہت اہمیت ہے لہذا یہ سبق پڑھنے میں بور لگے گا اور فضول سا مگر جس کو گرافکس میں دلچسپی رکھتا ہے وہ اس سبق کا بہت فائدہ اُٹھا سکتا ہے کیونکہ جب تک آپ کو رنگوں کے بارے میں علم نہ ہوگا آپ اچھے گرافکس ڈیزائنر نہ بن سکیں گے

RGB

یہ رنگوں کا ایک نظام ہے اور سب سے اہم نظام بھی یہی نظام RGB کہلاتا ہے رنگوں کا یہ نظام تین رنگوں سے مل کر بنا ہے جس میں (سرخ، سبز، نیلا) رنگ شامل ہیں R سرخ رنگ کیلیئے، G سبز رنگ کیلیئے، B نیلے رنگ کیلیئے اور یہ بنا رہے ہیں RGB جہاں بھی یہ تین رنگ ملیں گے وہاں یہ ہلکے نیلے، زرد اور گلابی رنگ بناتے ہیں اور یہ تمام رنگ مل کر سفید رنگ بناتے ہیں اس لیئے ان کو ایک اور نام سے بھی پکارا جاتا ہے جسے ہم (اضافی رنگ) کہتے ہیں

ایڈوب فوٹوشاپ میں RGB کا موڈ اپنے ماڈل کا استعمال کرتا ہے (یاد رہے کہ ہر رنگ کے نظام کا ایک موڈ اور دوسرا ماڈل ہوتا ہے) جس میں ہر پکسل 0 Pixel (سیاہ، کالا) سے لے کر 255 (سفید) کے درمیان مقدار رکھتا ہے جب ان تمام رنگوں کی مقدار برابر ہوگی تو یہ رنگ مل کر (گرے، سُرمئی) شیڈ بنائیں گے اور جب ہم نے ان کی مقدار 255 کردی تو یہ ایک خالص (سفید) رنگ بنا دیں گے RGB کی تصویر تین رنگوں کو لے کر سکرین پر 16.7 ملین رنگ بنا سکتے ہیں کیونکہ یہ سہ چینل تصاویر ہیں اس لیئے ان کا ہر Pixel تقریباً 24-bits کہ جگہ لیتا ہے

RGB کو موڈ فوٹوشاپ میں نئی تصاویر کیلیئے ڈیفالٹ موڈ کے طور پر کام کرتا ہے کیونکہ کمپیوٹر مانیٹر ہمیشہ RGB کے کلر موڈ کو ہی استعمال کرتے ہیں اس کا مطلب ہے کہ جب بھی کسی دوسرے رنگ کی نظام میں کام کر رہے ہوں گے تو فوٹوشاپ عارضی طور پر اس کو سکرین پر دیکھانے کیلئے RGB کے نظام کو استعمال کرے گا

CMKY

یہ رنگوں کا دوسرا اہم ترین نظام ہے رنگوں کا یہ ماڈل کاغذ پر پرنٹ کی جانے والی سیاہی کے جذب ہونے کی صلاحیت کی بنیاد پر بنایا گیا ہے رنگوں کے اس نظام کا نام اس میں موجود رنگوں کا مخفف ہے رنگوں کا یہ ماڈل ہلکے نیلے، گلابی اور پیلے رنگوں پر مشتمل ہے اس میں

C = Cyan ہلکا نیلا رنگ، M = Magenta گلابی رنگ، Y = Yellow پیلے اور K = Black سیاہ رنگ کیلیئے ہیں

یہ تمام رنگ مل کر مکمل طور پر جذب ہونے سے سیاہ رنگ ہوتے ہیں یہی وجہ ہے کہ ان کو منفی رنگ بھی کہا جاتا ہے کیونکہ کے پرنٹنگ کی تمام سیاہیاں کچھ فاضل مادے بھی رکھتی ہیں اور اصل میں یہ سیاہیاں مل کر (مٹیالہ براؤن، گہرا نسواری) رنگ بناتی ہیں اس لیئے خالص سیاہ

رنگ بنانے کیلئے ان رنگوں کے ساتھ سیاہ رنگ بھی شامل کیا گیا ہے جو کہ K سے پہچانا جاتا ہے اور اس میں B کا لفظ اس لیئے استعمال نہیں کیا گیا ہے کہ کہیں Blue colour کا گماں نہ کیا جائے جیسا کہ RGB میں کیا جاتا ہے

فوٹوشاپ میں CMKY کے موڈ میں ہر Pixel کی فیصد چاروں رنگوں کی نسبت سے کوئی نہ کوئی مقدار متعین کی جاتی ہے مثال کے طور پر روشن سرخ رنگ کے انداز Cyan 2% Magenta 93%, Yellow 90%, Black 0% کی نسبت سے رنگ ہوتے ہیں سفید رنگ بنانا ہو تو ہر رنگ کی فیصد صفر 0 رکھنی ہوتی ہے

اس موڈ کو اس وقت استعمال کیا جاتا ہے جب آپ کسی بھی چیز، تصویر کو پرنٹ کرانا چاہتے ہیں کیونکہ یہ موڈ بنا ہی پرنٹنگ کیلئے ہے اس سے بہتر اور کوئی نہیں ہے کیونکہ یہ آپ کے تصویر میں رنگوں کو الگ الگ کر دیتا ہے اور یہ بات مکمل طور پر طے شدہ ہے کہ پرنٹنگ آفس، پریس میں تصویر کو استعمال کرنے کیلئے CMKY کے نظام کا ہی استعمال ہوتا ہے

اِن دو نظاموں سے یہ بات ہمارے سامنے آتی ہے کہ ہم کمپیوٹر، ویب، انٹرنیٹ پر کام کر رہے ہیں تو ہم نے RGB موڈ میں کام کرنا ہے کیونکہ یہ بنایا گیا ہی انہیں کاموں کیلئے ہے جبکہ پرنٹنگ کرنی ہے تو ہم نے CMKY کے موڈ میں کام کرنا ہے

Lab

رنگوں کا یہ نظام ماڈل 1931 میں Comission Internationale d' Eclairage کے بنائے گئے ماڈل کو بنیاد بنا کر تجویز کیا گیا تھا اور پھر 1976 میں اس ماڈل کو دوبارہ ترتیب دیا گیا تھا اور اسے CIEL Lab کا نام دیا گیا تھا یہ ماڈل رنگوں کو ان کو دیکھانے والے آلات سے بالاتر ہو کر شناخت تا ترتیب دیتا ہے یہ ماڈل روشنائی L = Luminance اور دو دوسری روشنیوں پر مشتمل ہے جن میں سے ایک کو a = From Green To Red سے اور دوسے کو b = From Blue To Yellow سے ظاہر کیا جاتا ہے فوٹوشاپ میں Lab موڈ فوٹو سی ڈی تصاویر کے ساتھ کام کرنے کیلئے استعمال کیا جاتا ہے اگر آپ ان تصاویر کے رنگوں کو الگ الگ کر کے پرنٹنگ یا چھپائی کے عمل میں لانا چاہتے ہیں تو پہلے آپ کو ان CMKY کے موڈ میں بدلنا ہوگا

والسلام

خرم اعجاز